## سیلاب متاثرین کھلے آسمان، خیموں اوراسکولوں میں بے یارومددگار پڑے ہیں اورایسی صورت میں جشن یاخوشی منانااچھانہیں لگتا،الطاف حسین

## ایم کیوایم کے فلسفہ خدمت کے تحت ذمہ داران وکارکنان ملک کے مختلف حصوں میں سیلاب متاثرین کے ساتھ عید منارہے ہیں

## نائن زیروپرعیدالفطرکی مبارکباددینے کیلئے جمع ہونے والے ذمہ داران وکارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔11،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ عیدالفطرایک ایسے موقع پرآئی ہے جب ملک سیلاب کی تباہ کاریوں کا شکار ہے،سیلاب متاثرین کھلے آسمان،خیموں اوراسکولوں میں بے یارومددگار پڑے ہیں اورایسی صورت میں جشن یا خوشی منانااچھانہیں لگتا لہٰذاایم کیوایم اوراس کے کارکنان عیدالفطرسادگی سے منائیں اورسیلاب متاثرین اور حق پرست شہداء کے لواحقین کی دلجوئی کریں۔ان خیالات کا اظہار جناب الطاف حسین کے عیدالفطر کے پہلے روزایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپرعیدالفطرکی مبارکباددینے کیلئے جمع ہونے والے ذمہ داران وکارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرانیس احمد قائم خانی،رابطہ کمیٹی کے دیگراراکین،حق پرست وزراء،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،سینیٹرز،سابق حق پرست منتخب نمائندے اور کارکنان وعوام بڑی تعداد میں موجود تھے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے فلسفہ خدمت کے تحت حق پرست وزراء،منتخب نمائندے،ذمہ داران وکارکنان ملک کے مختلف حصوں میں متاثرین کے ساتھ عید منارہے ہیں،اورمتاثرین کے ساتھ رہ کرانہیں یہ یقین دلارہے ہیں کہ مصیبت کی گھڑی میں ایم کیوایم سیلاب متاثرین کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اورایم کیوایم متاثرین کی حتی المقدور جوامداد کرسکتی ہے وہ کررہی ہے۔انہوں نے سیلاب متاثرین کی خدمت بڑانیک کام ہے اوراللہ تعالیٰ کا اس کااجرعظیم ضروردیگا۔جناب الطاف حسین نے ایم کیویم کی رابطہ کمیٹی،حق پرست وزراء،منتخب نمائندوں،صوبہ پنجاب ،صوبہ سندھ،صوبہ بلوچستان،صوبہ خیبرپختونخوا،گلگت بلتستان،آزادکشمیر،اوورسیز یونٹ اور دنیا بھرمیں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان،نائن زیرو کے تمام شعبہ جات،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کوفرداًفرداًعیدالفطرکی دلی مبارکباد پیش کی،انہیں پیار،شاباش اوردعائیں دیں۔

## اسلام آبادمیں ایم کیوایم اپرپنجاب زون کے آرگنائزرزاہدملک کومسلح افرادکی جانب سے ہراساں کرنے کاواقعہ قابل مذمت ہے۔الطاف حسین

## بعض ایم کیوایم دشمن قوتیں ایم کیوایم کے تیزی سے پھیلتے ہوئے فلسفے سے حواس باختہ ہوچکی ہیں اوراپنی ڈوبتی ہوئی کشتی کو بچانے کیلئے اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہی ہیں الطاف حسین نے زاہدمحمودملک کوٹیلی فون کرکے ان کی خیریت دریافت کی

لندن۔۔۔11،ستمبر 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آبادمیں ایم کیوایم اپرپنجاب زون کے آرگنائزرزاہدملک کومسلح افرادکی جانب سے ہراساں کرنے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بعض ایم کیوایم دشمن قوتیں عوام میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اوراس کے تیزی سے پھیلتے ہوئے فلسفے سے حواس باختہ ہوچکی ہیں اوراپنی ڈوبتی ہوئی کشتی کو بچانے کیلئے اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہی ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ایک نظریاتی جماعت ہے اوراسکے پرعزم کارکنان نے ہر برے اورکڑے وقت کا انتہائی حوصلے اور جوانمردی سے سامنا کیا ہے اورانہیں اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈوں سے ڈرایانہیں جاسکتا۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے زاہدمحمودملک کوٹیلی فون کرکے ان کی خیریت دریافت کی اوران کی جوانمردی اور بہادری پرانہیں خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی، ذمہ داران وکارکنان نے نمازعیدعزیز آباد کی ایک مینارہ مسجد میں ادا کی

## رابطہ کمیٹی اور منتخب نمائندوں نے عوام وکارکنان سے عید ملی اورانہیں مبارکباد پیش کی

## یادگارِشہدائے حق سمیت عزیز آباداور پاپوش نگر کے قبرستانوں میں حاضری دی، شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی

کراچی ---11، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی اورایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین نے عیدالفطر کی نمازعزیز آباد نمبر 8 میں واقع ایک مینارہ مسجد میں ادا کی ۔عید کی نماز کی ادائیگی کرنے والوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی ، رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹرنصرت، شکیل عمر، سلیم تاجک، کیف الوریٰ، گلفر از خان خٹک، حق پرست صوبائی وزیرخالدعمر، رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف کے علاوہ ایم کیوایم کے ونگزاورشعبہ جات کے ذمہ داران واراکین شامل ہیں ۔اس موقع اجتماع دعا کی گئی جس میں ملک بھرکے سیلاب متاثرین کی امدادو بحالی اورآبادکاری، سیلاب متاثرین کی مشکلات وپریشانیوں کے خاتمے، ان پررحمتوں کے نزول، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے اراکین اورحق پرست منتخب عوامی نمائندوں نے ایک مینارہ مسجداورایم کیوایم کے مرکزنائن زیرو پرعوام وکارکنان سے عیدملی اورانہیں عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزرا، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اورایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے عیدالفطر کی نماز کی ادائیگی کے بعد جناح گراؤنڈ عزیز آباد جاکر ''یادگارِشہدائے حق'' پرحاضری دی اور پھولوں کی چادرچڑھائی ۔اس موقع پرانہوں نے شہداء کے ایصال ثواب، لواحقین کیلئے صبرجمیل، اسیر کارکنان کی رہائی، حق پرستی کی تحریک کے خلاف سازشوں کے خاتمے، سیلاب متاثرین کی بحالی وآبادکاری، ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں ۔ بعدازاں انہوں نے عزیز آباداور پاپوش نگر کے قبرستانوں میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے والد نذیر حسین مرحوم، والدہ محترمہ خورشید بیگم، بڑے بھائی ناصرحسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہیداورحق پرست شہداء کی قبروں پرحاضری دی اوران کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## کراچی حیدرآباد، ٹھٹھہ، سکھر، شکارپور، کوئٹہ، کوٹ ادو، راجن پور، رحیم یارخان، لیہ، صادق آباداورآزادکشمیر میں

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اورارکان پارلیمنٹ نے عیدالفطرسیلاب متاثرین کے ساتھ منائی، نمازعید کی ادائیگیاں کیں

## سیلاب متاثرین میں مجموعی طورپرایک لاکھ سے زائد ملبوسات، 50ہزار سے زائد شیرخورمے کے پیکٹ، غذائی اجناس اورعیدگفٹ تقسیم کئے گئے

کراچی ---11، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے عیدالفطرسیلاب متاثرین کے ساتھ منائی اورسیلاب متاثرین کے ساتھ عیدالفطر کی نماز کی ادائیگیاں کیں اوران میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ایک لاکھ سے زائد بچوں کے نئے ملبوسات، 50ہزار سے زائد شیرخورمے کے پیکٹ، غذائی اجناس اورعیدگفٹ تقسیم کئے ۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹرفاروق ستاراوروزیراعلیٰ سندھ کے مشیرخواجہ اظہارالحسن نے عیدالفطرٹھٹھہ کے سیلاب متاثرین کے درمیان رہ کرمنائی اورنماز عید ٹھٹھہ کے آرمی پبلک اسکول گراؤنڈ میں ادا کی ۔اس موقع پرانہوں نے آرمی پبلک اسکول ٹھٹھہ کے اطراف اورایم کیوایم کے تحت گھارو میں سیلاب متاثرین کیلئے قائم کی گئی خیمہ بستیوں کا دورہ کیااورسیلاب متاثرین میں جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدی تقسیم کی ۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخاراکبررندھاوانے کوٹ ادو کے سیلاب سے متاثرہ نواحی قصبہ بستی پرہاڑ کی جامع مسجد میں سیلاب متاثرین کے ہمراہ عیدالفطر کی نمازادا کی اوربستی پرھاڑ میں واقع معروف عالم دین، صوفی بزرگ حضرت عبدالعزیز پرھاڑوی کے مزارپرحاضری دی۔ بعدازاں انہوں نے بستی پرھاڑ میں ایم کیوایم کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے قائم کی گئی خیمہ بستی میں مقیم متاثرہ افراد کے بچوں میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضا کی طرف سے بھیجے گئے تحائف جن میں گڑیاں، چوڑیاں، مہندی اورکھلونے شامل تھے تقسیم کئے ۔انہوں نے دائرہ دین پناہ میں ایم کیوایم کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے قائم کی ایک اور خیمہ بستی کا دورہ کیااوربچوں اوربچیوں میں تحائف تقسیم کئے ۔اسی طرح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنورنویدجمیل، ڈاکٹرصغیراحمداورحق پرست صوبائی وزیرزبیراحمد نے کراچی، حیدرآباد، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے سکھر، جیکب آباد، قمبر شہدادکوٹ، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے کوئٹہ، حق پرست صوبائی وزیرنثار پہنور نے شکارپور، حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادرخانزادہ نے رحیم یارخان، حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹرندیم احسان نے صادق آباد، حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین نے راجن پوراورحق پرست رکن قومی اسمبلی ساجداحمد نے لیہ کے سیلاب متاثرین کے ساتھ عیدالفطرمنائی اوران میں عیدگفٹ، مہندی، چوڑیاں اورملبوسات تقسیم کئے ۔آزادکشمیرقانون سازاسمبلی میں حق پرست وزیر

سیاحت طاہر کھوکھر نے میر پور شہر کی نواحی بستیوں میں قائد تحریک جناب لطاف حسین کی جانب سے سیلاب متاثرین میں عید گفٹ اور امدادی سامان تقسیم کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عید الفطر کی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر وہ سیلاب متاثرین کے ساتھ کیمپوں میں رہے اوران کی دلجوئی کرتے رہے، انہوں نے بچوں اور بچیوں کے سروں پر شفقت کے ہاتھ رکھے اور سیلاب کی بحالی اور آبادکاری کیلئے دعائیں کیں۔

## عید الفطر کے پہلے روز رابطہ کمیٹی، حق پرست منتخب نمائندوں نے کراچی اور اندرون سندھ میں حق پرست شہداء کے گھروں کا دورہ کیا
## قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شہداء کے لواحقین کو عید الفطر کی مبارکباد پیش کی

کراچی ---11، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست منتخب نمائندوں نے عید الفطر کے پہلے روز کراچی اور اندرون سندھ میں حق پرست شہداء کے لواحقین کے گھروں کا دورہ کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب عید الفطر کی دلی مبارکباد پیش کی۔ تفصیلات کے مطابق عید الفطر کے پہلے روز کراچی اور اندرون سندھ میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست منتخب نمائندگان، زون، سیکٹر اور یونٹ کمیٹیوں کے اراکین اپنے اپنے حلقہ کے حق پرست شہداء کے گھروں پر گئے اور انہیں عید الفطر کی خوشیوں میں کیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست منتخب نمائندگان نے شہداء کے لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حق پرستی کی تحریک آج جس مقام پر وہ شہداء کی لازوال قربانیوں کا نتیجہ ہے اور انشاءاللہ حق پرست شہداء کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا اور ان کی قربانیاں ایک دن ضرور رنگ لائیں گی۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست منتخب نمائندوں نے شہداء کے لواحقین کو صبر کی تلقین کی اور حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید کی رہائشگاہ جا کر رابطہ کمیٹی کے رکن
## کنور خالد یونس اور رکن قومی اسمبلی فرحت خان نے سوگواران سے تعزیت کی

کراچی ---11، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس اور حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان نے عید الفطر کے پہلے روز حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے ملاقات کی اور ان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔۔ وہ شہید کے لواحقین کے ساتھ رہے اور ان سے ہمدردی کا اظہار کیا اس موقع پر انہوں نے شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

☆☆☆☆☆